ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((412

21-07-2022

**بہاول پور() ڈسٹرکٹ پولیس آفس میں کھلی کچہری کا سلسلہ جاری۔روزانہ کی بنیاد پر ہونے والی کھلی کچہری میں عوام الناس کی درخواستوں پر متعلقہ افسران کو مقررہ وقت میں باضابطہ کاروائی کے احکامات جاری کیے جاتے ہیں،کھلی کچہری کا مقصد بلاتاخیر شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر حل کرنا ہے،ڈی پی او بھاولپور**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی اوعبادت نثار کھلی کچہری کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں۔کھلی کچہری میں آخری شہری تک سب کو تفصیل سے سننا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو کارروائی اور درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم میں واپسی رپورٹ بھجوانے کے احکامات جاری کیے جاتے ہیں۔ڈی پی او نے کہا کہ معیاری انصاف کی فراہمی اور کھلی کچہری کا انعقاد ہماری اولین ترجیح ہے تاکہ دور دراز سے آنے والے شہریوں کے مسائل سن کر ان کی دادرسی کی جا سکے۔میرٹ کو بنیادی اصول بناتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر ہی حل کیے جا رہے ہیں جو کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے،عام آدمی کی دہلیز تک انصاف کی فراہمی کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**

---

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((413

21-07-2022

**بہاول پور( ) آرپی او بھاولپور صادق علی ڈوگر کا ڈی پی او بہاولپور عبادت نثار کے ہمراہ زیر تعمیر ڈولفن سنٹر بھاولپور، زیر تعمیر تھانہ سول لائن، زیر تعمیر باؤنڈری وال پولیس وائرلیس ٹریننگ سکول کا دورہ۔**

تفصیل کے مطابق گزشتہ روز آرپی او بھاولپور صادق علی ڈوگر اور ڈی پی او بہاولپور عبادت نثار نے زیر تعمیر ڈولفن سنٹر بھاولپور، زیر تعمیر تھانہ سول لائن، زیر تعمیر باؤنڈری وال پولیس وائرلیس ٹریننگ سکول کا دورہ کیا اور ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔اس موقع پر آرپی او بہاولپور نے ترقیاتی کاموں کی رفتار پر اطمینان کا اظہار کیا اور متعلقہ حکام کو بروقت مکمل کرنے کی ہدایت کی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**

---------

بہاول پور آرپی او بہاولپور صادق علی ڈوگر کا ڈی پی او بہاولپور عبادت نثار کے ہمراہ زیر تعمیر ڈولفن سنٹر بہاولپور، زیر تعمیر تھانہ سول لائن، زیر تعمیر باؤنڈری وال پولیس وائرلیس ٹریننگ سکول کا دورہ